Serial No. of Answer Book ________

Roll No (in figure) ________

Roll No in words ________

P-26

Superintendent seal & Signature

901601

2024

## اردو لازمی (Fresh) نہم

کل نمبر:75

کل وقت:3 گھنٹے

نوٹ:اس پرچہ کے تین حصے ہیں الف، ب، اور ج ہر حصے کو دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔

### حصہ الف

نمبر:15

وقت:20منٹ

نوٹ: حصہ الف کے تمام اجزا حل کریں۔ اور حصہ الف کو مقررہ وقت کے بعد سپرنٹنڈنٹ کو واپس کریں اگر آپ نے ایک بھی جز کا جواب نہ دیا ہو۔ لکھے گئے جواب کو کاٹنا/اس کے اوپر لکھنا یا مٹانا سختی سے منع ہے۔ اور اس کے نمبر نہیں ملیں گے۔

I. درست جواب کا انتخاب کریں اور اپنا انتخاب ا/ب/ج/د ہر جزو کے سامنے دیے ہوئے خالی خانے میں لکھیں۔

i. مولانا شبلی نعمانی یوپی کے ضلع اعظم گڑھ کے کس قصبے میں پیدا ہوئے ________ [الف]

(الف) بندول (ب) جندول (ج) جنڈولہ (د) چوک اعظم

ii. سبق "اسلام میں گداگری کی مذمت" کس کی تحریر کردہ ہے ________ [الف]

(الف) الطاف حسین حالی (ب) شبلی نعمانی (ج) سید سلیمان ندوی (د) سرسید احمد خان

iii. سرسید احمد خان کی وفات کب ہوئی ________ [الف]

(الف) 1898 (ب) 1798 (ج) 1698 (د) 1998

iv. محمد حسین آزاد نے کس کے ساتھ جدید مشاعروں کی بنیاد ڈالی ________ [الف]

(الف) حالی (ب) غالب (ج) انیس (د) درد

v. مولوی نذیر احمد کس مرض سے وفات پا گئے ________ [الف]

(الف) فالج (ب) کینسر (ج) بلڈ پریشر (د) شوگر

vi. سید امتیاز علی تاج کہاں پیدا ہوئے ________ [الف]

(الف) لاہور (ب) ملتان (ج) فیصل آباد (د) کراچی

vii. نظم "نعت" کس نے لکھی ہے ________ [الف]

(الف) امیر مینائی (ب) حفیظ جالندھری (ج) علامہ اقبال (د) مرزا غالب

viii. "خدائے سخن" کس شاعر کو کہا جاتا ہے ________ [الف]

(الف) میر تقی میر (ب) میر درد (ج) مرزا غالب (د) جوش ملیح آبادی

ix. خواجہ حیدر علی نے غزل میں کتنے دیوان لکھے ________ [الف]

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) چھ

x. الطاف حسین حالی کی مشہور تصنیف ہے ________ [الف]

(الف) حیات سعدی (ب) آثار الصنادید (ج) آب حیات (د) دربار اکبری

xi. "زیر زمین" کس قسم کا مرکب ہے ________ [ج]

(الف) مرکب عطفی (ب) مرکب توصیفی (ج) مرکب اضافی (د) مرکب جاری

xii. مکان فانی مکین آنی، ________ تیرا ابد تیرا [الف]

(الف) ازل (ب) خیال (ج) فکر (د) حساب

xiii. پانچ مصرعوں والے بند کو ________ کہتے ہیں [ب]

(الف) مسدس (ب) مخمس (ج) معرہ (د) مربع

xiv. جس نظم میں اولیائے اللہ یا بزرگان دین کی تعریف کی جائے اسے ________ کہتے ہیں۔ [ب]

(الف) مرثیہ (ب) منقبت (ج) قصیدہ (د) مناجات

xv. علامہ اقبال 21 اپریل ________ کو اس جہان فانی سے رخصت ہوئے۔ [الف]

(الف) 1938 (ب) 1939 (ج) 1940 (د) 1941

eduvision.edu.pk

901601

## اردو لازمی (Fresh) نہم

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

### حصہ ب

نمبر: 36

II. مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی (9) کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. برادران یوسف سے کیا مراد ہے؟

ii. وہم کی تصویر کس طرح پیش کی گئی؟

iii. ہمسائے کی سزا سے رہائی کس طرح ممکن ہوئی؟

iv. دایہ بچے کا جس طرح خیال رکھتی تھی اسے اپنے الفاظ میں لکھیں۔

v. ذومعنی الفاظ سے کیا مراد ہے؟ کوئی سے دو ذومعنی الفاظ لکھیں۔

vi. ڈاکٹر صاحب نے بیگم صاحبہ کو مریض کی دیکھ بھال کے سلسلے میں کیا ہدایات دیں؟

vii. جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کا فرق مثالوں سے واضح کریں۔

viii. مندرجہ ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔

آوارہ ہونا، آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا، محشر بپا ہونا، گتھم گتھا ہونا۔

ix. ان مرکبات کی تشریح کریں۔ لشکر اندوہ، نخل دل، حب حضرت، راہ راست

x. "نظم برسات کی بہاریں" میں کس کس پرندے کی کون کونسی آواز کا ذکر آیا ہے؟

xi. تشبیہ کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

xii. ان الفاظ کی جمع لکھیں۔ سبب، دوا، سجدہ، ادب

eduvision.edu.pk

### حصہ ج

نمبر: 24

III. مصنف اور سیاق وسباق کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ 6

(الف) شاکرہ نے سمجھا تھا تھوڑی دیر میں بچہ رو دھو کر چپ ہو جائے گا، پر نصیر نے جاگتے ہی پھرانا کی رٹ لگائی۔ تین بجے صابر حسین دفتر سے آئے اور بچے کی یہ حالت دیکھی، تو بیوی کی طرف قہر کی نگاہوں سے دیکھ کر اسے گود میں اٹھا لیا اور بہلانے لگے۔ آخر نصیر کو جب یقین ہو گیا کی دایہ مٹھائی لینے گئی، تو اسے تسکین ہوئی، مگر شام ہوتے ہی اس نے پھر چیخنا شروع کیا " انا مٹھائی لائی"

(ب) ایک شخص سوکھا سہا، دبلاپے کے مارے فقط ہوا کی حالت ہو رہا تھا، اس انبوہ میں نہایت چالاکی اور پھرتی سے پھر رہا تھا۔ اس کے ہاتھ میں ایک آئینہ تھا، جس میں دیکھنے سے شکل نہایت بڑی معلوم ہونے لگتی تھی۔ وہ ایک ڈھیلی ڈھالی پوشاک پہنے تھا، جس کا دامن، دامن قیامت سے بندھا ہوا تھا۔ اس پر دیوزادوں اور جنات کی تصویریں زردوزی سے کڑھی ہوئی تھیں اور جب وہ ہوا سے لہراتی تھیں، تو ہزاروں عجیب وغریب صورتیں اس پر نظر آتی تھیں۔ اس کی آنکھ وحشیانہ تھی، مگر نگاہ میں افسردگی تھی۔

IV. شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے ایک نظم پارے کی تشریح کریں۔ 6

(الف) ہوئے احرار ملت جادہ پیما کس تجمل سے
تماشائی شگاف در سے ہیں صدیوں کی زندانی
ثبات زندگی ایمان محکم سے ہے دنیا میں
کہ المانی سے بھی پائندہ تر نکلا ہے تورانی

(ب) کیچڑ سے ہو رہی ہے جس جا زمین پھسلنی
مشکل ہوئی ہے واں سے ہر اک کو راہ چلنی
پھسلا جو پاؤں پگڑی مشکل ہے پھر سنبھلنی
جوتی گری تو واں سے کیا تاب پھر نکلنی

P-28

7. کسی ایک غزلیہ جز کی شاعر کی حوالہ سے تشریح کریں۔

(الف) صیاد! اسیر دام رگ گل ہے عندلیب
دکھلا رہا ہے چھپ کے اسے دام و دانہ کیا
طبل و علم ہے پاس نہ اپنے ہے ملک و مال
ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا

(ب) شعلہ حسن چمن میں نہ دکھایا اس نے
ورنہ بلبل کو بھی پروانہ بنایا ہوتا
صوفیوں کے جو نہ تھا لائق صحبت تو مجھے
قابل جلسہ رندانہ بنایا ہوتا

VI۔ پرنسپل / ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹرس کو مدرسہ چھوڑنے کے سرٹیفیکیٹ کے لئے درخواست لکھیے۔

یا

درجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

اس میں غریب ننھے کا بھی قصور نہیں تھا۔ ان دنوں گھر میں تاش خوب ہوتی تھی۔ شام کو ماسٹر صاحب ہمارے ہاں آئے، روفی کے ابا سے دیر تک باتیں ہوتی رہیں۔ سونے کے وقت ہمیں سنایا گیا کہ ہماری تعلیمی حالت بہت کمزور ہے۔ چنانچہ ماسٹر صاحب ہمیں گھر پر پڑھانے آیا کریں گے۔ اس خبر نے ہمیں اداس کر دیا۔ اگلے روز اتوار تھا۔ علی الصبح ہم نے مچھلیاں پکڑنے کا سامان لیا اور جھیل کا رخ کیا۔ اس ٹیوشن کی نئی مصیبت نے ہمیں غمگین کر دیا تھا۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ جو رہی سہی آزادی میسر تھی، وہ بھی چھین گئی ہے۔

سوالات:۔

ا۔ روفی کے ابا کس سے دیر تک باتیں کرتے رہے؟
۲۔ مصنف کو کس خبر نے اداس کر دیا تھا؟
۳۔ اگلے روز انہوں نے کہاں کا رخ کیا؟
۴۔ یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

eduvision.edu.pk